## NTPN مارتھا-کئیر ٹیم سے ملیں

### مشیران



Javier Gavela



Beatrice Allnutt



Jenny Pallawela



Knott Craig

### فیملی سپورٹ نرسیں



Annie Bruce



Anne Dowson



Kylie Lyons

North Thames Paediatric Network
Connecting paediatric services

Urdu

# مارتھا-کیئر
# مواصلت میں مدد اور فوری کارروائی

**خاندانوں اور نگہداشت فراہم کرنے والوں کے لیے معلومات**

نارتھ تھیمز پیڈیاٹرک نیٹ ورک کا پائلٹ پروجیکٹ

martha's rule
detecting deterioration

Children's Acute Transport Service NHS

## نارتھ تھیمز پیڈیاٹرک نیٹ ورک کون ہیں؟

ہم لندن کے اندر، ریور تھیمز کے شمال میں اور مشرق میں لندن سے باہر کے کچھ ہسپتالوں میں بچوں کی خدمات (چلڈرنز سروسز) والے تمام ہسپتالوں کی مدد کرنے والی ٹیم ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ ان ہسپتالوں کے ذریعہ دیکھ بھال کیے جانے والے تمام بچوں کو محفوظ اور اعلی معیار کی دیکھ بھال تک یکساں رسائی حاصل ہو۔

## مارتھا-کیئر کیا ہے؟

اگر آپ ہسپتال میں اپنے بچے کے بارے میں فکرمند ہیں تو مارتھا-کیئر مدد حاصل کرنے کا ایک مختلف طریقہ ہے۔ یہ نارتھ ٹیمز پیڈیاٹرک نیٹ ورک (NTPN) کی طرف سے فراہم کی جانے والی ایک سروس ہے اور NHS کے ذریعہ مارتھا کے اصول نامی ایک بڑے منصوبے کا ایک حصہ ہے۔

## مارتھا کا اصول کیا ہے؟

آپ نے خبروں میں مارتھا کے اصول کے بارے میں سنا ہوگا یا ہسپتال میں پوسٹرز دیکھے ہوں گے۔ کبھی کبھار اسے *کال فار کنسرن*' بھی کہا جاتا ہے۔ یہ ایک ایسے معاملے سے سامنے آیا ہے جہاں مارتھا نام کی ایک لڑکی ہسپتال میں بہت بیمار ہوگئی تھی اور اس کے بارے میں اس کے اہل خانہ کی تشویش نہیں سنی گئی تھی۔ مارتھا کے والدین یہ یقینی بنانا چاہتے تھے کہ تمام خاندانوں اور نگہداشت فراہم کرنے والوں کو مدد مل سکے اور اگر انہیں اپنے بچے کے بارے میں کوئی فکر ہو تو ان کی بات سنی جائے۔

## مارتھا کیئر کے کام کرنے کا طریقہ کیا ہے؟

اگر آپ "مارتھا کے اصول" یا "کال فار کنسرن" استعمال کرنے کے بعد بھی فکر محسوس کر رہے ہوں تو مارتھا-کیئر ہسپتال میں مدد حاصل کرنے کا ایک اور طریقہ کار ہے۔ یہ ایک فون نمبر ہے جو اس ہسپتال کے باہر مختلف ٹیم تک جاتا ہے جہاں آپ موجود ہیں۔ اسے چلڈرن ایکیوٹ ٹرانسپورٹ سروس (CATS) کہا جاتا ہے۔ CATS ایک خصوصی سروس ہے جو شدید بیمار بچوں کے سلسلے میں ہسپتالوں کی مدد کرتی ہے۔ آپ اپنے ڈاکٹر یا نرس سے مارتھا-کیئر کال کرنے کے لیے کہہ سکتے ہیں۔ نمبر 7/24 دستیاب ہے۔

## کال پر کیا ہوتا ہے؟

جب آپ کی مقامی ٹیم انہیں آپ کے بچے اور ہسپتال میں پیش آنے والی صورتحال کے بارے میں آگاہ کرے گی، تو آپ CATS کے مشیر سے بات کرپائیں گے۔ آپ سے آپ کی تشویشات کے بارے میں پوچھا جائے گا اور یہ بھی جاننے کی کوشش کی جائے گی کہ آپ کو مارتھا-کیئر کال کرنے کی ضرورت کیوں پیش آئی۔ عام دفتری اوقات میں کال پر ایک فیملی سپورٹ نرس بھی موجود ہوگی جو آپ کی مدد کرے گی۔ اگر آپ کے بچے کے علاج میں کوئی ماہر ٹیم شامل ہے، تو انہیں بھی اس کال میں شامل ہونے کی دعوت دی جا سکتی ہے۔ ہم آپ کی تشویشات کو دور کرنے کے لیے آپ اور آپ کے بچے کے ڈاکٹروں اور نرسوں کے ساتھ مل کر کام کرنے کی کوشش کریں گے۔

## اس کے بعد کیا ہوتا ہے؟

مارتھا-کیئر فیملی سپورٹ نرسز یہ جاننے کے لیے آپ سے مارتھا-کیئر سروس استعمال کرنے کے 4 سے 6 ہفتے بعد رابطہ کریں گی کہ آپ اور آپ کے بچے کی طبیعت کیسی ہے اور یہ بھی معلوم کریں کہ آپ نے ہماری سروس کے بارے میں کیا رائے قائم کی ہیں۔ ہم یہ یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ ہم بہترین دیکھ بھال فراہم کر رہے ہیں، اسی لیے آپ کی رائے ہمارے لیے بہت اہم ہے۔

## میں کہاں سے مزید معلومات تک رسائی حاصل کرسکتا ہوں؟

اگر آپ کو مزید معلومات درکار ہوں تو براہِ کرم اپنی نرس یا ڈاکٹر سے بات کریں۔ یا درج ذیل ویب سائٹوں پر مزید معلومات دستیاب ہیں

NHS England - https://www.england.nhs.uk/patient-safety/marthas-rule/
NTPN - Martha’s Rule https://ntpn.co.uk/marthas-rule-2/